تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-35869501-042 -35856304-042 فیکس 35834000-042
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

10 جنوری، 2020ء

## امریکہ کا ایرانی جنرل کو عراق میں قتل کرنا ریاستی دہشت گردی ہے۔ حافظ عاکف سعید

لاہور (پ ر) تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے امریکہ کی جانب سے عراق کی سرزمین پر پاسداران انقلاب ایران کے ایک اعلیٰ عہدیدار میجر جنرل قاسم سلیمانی کو ڈرون حملے میں قتل کرنے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ عالمی قوانین کی شدید خلاف ورزی تھی۔ حقیقت میں یہ دہشت گردی کا ایک عمل تھا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کی تاریخ بین الاقوامی قوانین اور اخلاقیات کے تمام تقاضوں کو روندنے کی داستانوں سے بھری پڑی ہے۔ امریکہ نے نائن الیون کے بعد تمام بین الاقوامی قوانین اور اخلاقی تقاضوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے افغانستان پر حملہ کر کے امارت اسلامی افغانستان کو ختم کیا۔ اسی طرح اس نے عراق میں WMD کا جھوٹا عذر تراش کر حملہ کیا جس میں لاکھوں لوگ شہید ہو گئے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام بین الاقوامی اداروں کا فرض بنتا ہے کہ وہ امریکہ کے ایران کے خلاف اس جنگی جرم کا نوٹس لیں۔

اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین قبلہ ایاز کے اس بیان پر کہ نیب کے بعض قوانین غیر اسلامی ہیں جنہیں درست کرنے کی ضرورت ہے پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم اسلامی نظریاتی کونسل کے اس اقدام کو خوش آئند سمجھتے ہیں۔ لیکن اسلامی نظریاتی کونسل کو بھی چاہیے کہ وہ اپنی سفارشات عوام کے سامنے لانے سے پہلے جید اور ثقہ علماء کو اعتماد میں لے۔ اُنھوں نے آئین کے بعض آرٹیکلز کی طرف توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ ہمارے آئین کا آرٹیکل 45 صدر کو شخصی معافی کا کلی اختیار دیتا ہے جو کہ صریحاً اسلام کی تعلیمات کے خلاف ہے۔ اسلام صرف قتل کے جرم میں مقتول کے ورثاء کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ چاہیں تو قاتل کو معاف کر دیں۔ اسی طرح ہمارا آئین صدر اور گورنرز کو یہ تحفظ دیتا ہے کہ جب تک وہ عہدے پر ہوں گے ان کے خلاف کوئی مقدمہ درج نہیں ہو سکتا۔ جبکہ اسلامی قوانین میں سربراہ مملکت بھی قانون سے بالاتر نہیں ہوتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمارے ادارے آئین کو مکمل طور پر اسلامی بنانے کی سنجیدہ کوشش کریں۔ اُنھوں نے کہا کہ یہ صورتِ حال مضحکہ خیز ہے کہ جس ملک میں 95 فیصد لوگ مسلمان ہوں وہاں اسلامی قوانین کا نفاذ نہ ہو۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 10 Jan 2020

## "The assassination of an Iranian General by USA in Iraq is tantamount to state terrorism."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The assassination of an Iranian General by USA in Iraq is tantamount to state terrorism."**

While commenting on the assassination of Iran's Major General Qasem Soleimani, a top commander of the Islamic Revolutionary Guard Corps (IRGC), by USA in a drone strike on Iraqi soil, the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, condemned the attack as a blatant violation of international law.In fact, this was an act of terrorism, he remarked. The Ameer noted that the entire history of USA is filled with episodes of trampling international law and universally accepted norms of morality with impunity and disdain. The US stamped on every international law and universally accepted moral norm by criminally attacking and dismantling the Islamic Emirate of Afghanistan, a thoroughly legitimate regime, after 9/11. Similarly, the US concocted the fabricated tale of 'Weapons of Mass Destruction' (WMDs)to attack Iraq – another illegitimate US war – in which hundreds of thousands of innocent civilians were slaughtered. The Ameer demanded that it is the obligation of all international organizations to take notice of this latest war crime perpetrated by USA against Iran.

While commenting on the statement given by the Chairman of the Council of Islamic Ideology (CII), Dr QiblaAyaz, stating that certain sections of the NAB Ordinance are un-Islamic in nature and ought to be rectified, the Ameer praised and welcomed this initiative and action taken by the CII. The Ameer, however, advised that the CII, too, should consult with and take into confidence distinguished and renowned *Ulema* (religious scholars) before making its recommendations public. While highlighting and directing the attention towards certain articles of the 1973 Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the Ameer said that article 45 of our constitution bestows upon the President of Pakistan theabsolute power of pardon, which he can exercise for any individual without any restraint or caution – an article that is in flagrant violation to the commandments and edicts of Islam. Islam authorizes the immediate kin of the deceased alone, only in a murder case, to forgive the murderer of the crime and due punishment, if they will. Similarly, the Ameer pointed out that our constitution protects the President of the Federation and the Governors of all Provinces by giving them immunity against any prosecution, so long as they remain in office, whereas according to the Islamic Law, even the Head of the State is not immune to any prosecution and is not above the law. He emphasized that the need of the hour is that our institutions make serious efforts to transform our constitution into a totally Islamic one. The Ameer concluded by lamenting that it is a matter of great shame that a country whose population comprises almost 95 percent Muslims does not have Islamic Shariah Laws implemented in it.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**